www.jang.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

THE DAILY JANG RAWALPINDI

روزنامہ جنگ راولپنڈی

بانی..... میر خلیل الرحمٰن

جلد 57 | بدھ 19 شوال المکرم 1436ھ 5 اگست 2015ء 21 ساون 2072ب | نمبر 214

صفحات 16 قیمت 12 روپے

اسلام آباد کو لینڈ مافیا سے بچایا جائے، قومی ادارے کی زمین اونے پونے فروخت نہیں ہونے دینگے، سینیٹ میں بحث

نیشنل ایگریکلچر ریسرچ سنٹر کی زمین کو رہائشی و کمرشل پلاٹوں میں بدلنے کیلئے وزیراعظم کو سمری بھجوانے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے

سمری بھیج کر سی ڈی اے نے اپنے ہی قوانین کی خلاف ورزی کی، مشاہد حسین سید، سراج الحق، سعید غنی، اعظم سواتی، فرحت اللہ بابر اور دیگر کا اظہار خیال

اسلام آباد (اپنے نامہ نگار سے، خصوصی نمائندہ) ایوان بالا میں ارکان نے سی ڈی اے کی جانب سے نیشنل ایگریکلچر ریسرچ سنٹر (این اے آر سی) کی 14 سو ایکٹر زمین کو رہائشی و کمرشل پلاٹوں میں بدلنے کیلئے وزیراعظم کو سمری بھجوانے کی شدید مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے نے اپنے ہی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے۔ جن لوگوں نے یہ آئیڈیا دیا ہے ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے اور اسلام آباد کو لینڈ مافیا سے بچایا جائے۔ منگل کو این اے آر سی کی زمین کی رہائشی و کمرشل پلاٹوں میں مجوزہ تبدیلی سے متعلق تحریک التواء پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا کہ ایک قانونی پہلو ہے،

باقی صفحہ 6 نمبر 18

بقیہ | 18 | سینٹ میں بحث

ایک قومی اثاثہ ہے اور تیسرا پہلو بحیثیت قوم اور ریاست ہماری ترجیحات کیا ہیں۔ سینیٹر سعید غنی نے کہا کہ این اے آر سی کے لوگوں کو سلام پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس معاملے کو ہر جگہ پر پہنچایا۔ یہ سنجیدہ معاملہ ہے اس کو بحث کی حد تک نہیں رکھنا چاہئے بلکہ کمیٹی کے پاس جانا چاہئے۔ جن لوگوں نے یہ آئیڈیا دیا ہے ان کیخلاف بھی کارروائی ہونی چاہئے۔ سینیٹر اعظم خان سواتی نے کہا کہ۔ ایسے لوگوں کیخلاف تحقیق ہونی چاہئے جنہوں نے سمری بھجوائی ہے ایوان بالا کے ارکان جاگ رہے ہیں وہ اس قومی ادارے کی زمین کو اونے پونے فروخت ہونے سے بچائیں گے۔ سینیٹر فرحت اللہ بابر نے کہا کہ میں ایوان کو بتادوں گا کہ کس شخصیت کی ایماء پر یہ سمری بھجوائی گئی ہے۔۔ سی ڈی اے نے سمری میں غلط بیانی سے کام لیا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ اس پراجیکٹ کے پیچھے جو شخص ہے اس کے بارے میں وزیراعظم کو بتا دیں۔ چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ بطور چیئرمین سینیٹ انکے لیے فخر کا دن ہے کہ پارلیمنٹ این اے آر سی جیسے ملکی ترقی و خوشحالی سے متعلقہ اہم ایشوز کو زیر بحث لاکر اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، چیئرمین سینیٹ نے رولنگ دیتے ہوئے مزید کہا کہ سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی نے اس ایشو پر پہلے ہی نوٹس لے رکھا ہے، بہتر یہی ہوگا کہ این اے آر سی کا ایشو نیشنل فوڈ سیکیورٹی کی کمیٹی کو ہی ریفر کر دیا جائے۔